رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃ القرآن**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: فخر و تکبر سے چلنا کیسا ہے؟

سوال نمبر 2: کیا شیطان انسان کا دوست ہے؟

سوال نمبر 3: کیا اللہ تعالیٰ کو صرف مشکل میں یاد کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 4: بروز قیامت حضور اکرم ﷺ کو مقام محمود عطا کیا جائے گا، اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: قرآن پاک کی حفاظت کا ذمہ دار کون ہے؟

سوال نمبر 6: سورۃ کہف کو کہف کہنے کی وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: انسان کو مال و دولت یا کامیابی ملنے پر کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 8: زمین و آسمان میں موجود مخلوق کو پیدا کرنے والا کون ہے؟

سوال نمبر 9: حضرت خضر علیہ السلام نے کشتی کا تختہ کیوں اکھاڑ دیا تھا؟

سوال نمبر 10: بروز قیامت نیک مسلمان اور کافر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کیسے پیش ہوں گے؟

سوال نمبر 11: اللہ تعالیٰ کی ملکیت اور بادشاہت کہاں تک ہے نیز سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 6 میں کیا بیان ہوا ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو مخاطب فرما کر اپنے کن تین انعامات کا ذکر فرمایا؟

سوال نمبر 13: کفار و مشرکین ہمارے پیارے نبی ﷺ کے معجزات دیکھ کر کیا کہتے تھے؟

سوال نمبر 14: سورۃ انبیاء میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر کیا دلیل بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 15: قوم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں کیوں ڈالا؟

سوال نمبر 16: شدید بھڑکتی آگ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کچھ نقصان پہنچایا؟

سوال نمبر 17: ہمارے پیارے نبی ﷺ کو کن لوگوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا گیا؟

سوال نمبر 18: سورۃ حج کا نام "الحج" رکھنے کی وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: کیا قربانی کا گوشت اور خون اللہ تعالیٰ کو پہنچتا ہے؟

سوال نمبر 20: انسان کی پیدائش کا مقصد بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: انبیاء کرام علیہم السلام کو جھٹلانے والے ظالموں کا دنیا میں کیا انجام ہوا؟ سورۃ حج کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: کافر حضرت نوح علیہ السلام پر ایمان نہ لانے کے کیا بہانے بناتے تھے؟

سوال نمبر 3: پاکدامن مرد و عورت پر تہمت لگانے والے کی کیا سزا بیان کی گئی ہے؟

سوال نمبر 4: حضرت زکریا علیہ السلام کے بیٹے حضرت یحیٰ علیہ السلام کی ولادت کا واقعہ کس بات کی دلیل ہے؟

سوال نمبر 5: فرشتوں کی چند صفات بیان کیجئے۔